Mayor's Office of Immigrant Affairs

# اگر دوست یا خاندان کا کوئی فرد امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (Immigration and Customs Enforcement, ICE) / حراست میں آجائے تو کیا کریں

اکثر پوچھے گئے سوالات

اردو | Urdu

فروری 2025

## آپ ICE لوکیٹر پر آن لائن تلاش کر کے تصدیق کر سکتے ہیں کہ کیا آپ کا دوست یا خاندان کا فرد حراست میں ہے:

**locator.ice.gov**

لوکیٹر استعمال کرنے کے لیے آپ کو اپنے دوست یا خاندان کے فرد کی درج ذیل تفصیلات کی ضرورت پڑے گی:

- پیدائش کا ملک اور "A نمبر" (A-Number) یا
- پیدائش کا ملک، پہلا نام، آخری نام، اور پیدائش کی تاریخ (براہ کرم نوٹ کریں: نام کے ہجے درست ہونے چاہئیں)۔

ٹپ: "A نمبر" 8 یا 9 ہندسوں کا شناختی نمبر ہوتا ہے جو زیادہ تر امیگریشن دستاویزات میں پایا جاتا ہے۔ یہ انگریزی حرف A کے بعد آتا ہے۔ یہ حراست میں لیے جانے پر کسی کی کلائی پر بندھے بینڈ پر بھی پایا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر: A 000-000-000

اگر آپ کے پاس ان کا A نمبر نہیں ہے، تو جب آپ کا دوست یا خاندان کا رکن رابطہ کرے تو ان سے پوچھ لیں۔



یہ کتابچہ صرف عمومی معلومات فراہم کرنے کے لئے ہے، قانونی مشورہ نہیں ہے۔

# 1-800-354-0365

## پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

**آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے۔**

امیگریشن سے متعلق مفت اور خفیہ قانونی مدد کے لیے تارکین وطن نیو یارکرز میئر کے دفتر برائے امورِ تارکینِ وطن (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA) کی امیگریشن لیگل سپورٹ ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔

# 311 پر کال کریں

## "Immigration" (امیگریشن) کہیں

**ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے۔**

امیگریشن کا قانون پیچیدہ ہے۔ امیگریشن کے قانونی فراڈ یا جعل ساز فراہم کنندگان سے ہوشیار رہیں جو جھوٹے وعدے کر سکتے ہیں۔

یاد رکھیں: پبلک نوٹری جو لائسنس یافتہ وکیل نہیں ہے وہ آپ کی طرف سے امیگریشن فارم پُر یا جمع نہیں کرا سکتا۔ انہیں آپ کو قانونی مشورہ بھی نہیں دینا چاہیے۔

میرا دوست یا خاندان کا فرد ICE/امیگریشن کی حراست میں ہے۔ میں انہیں کیسے تلاش کروں؟



اگر ICE/ امیگریشن آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو نیو یارک سٹی یا اس کے آس پاس حراست میں لیتی ہے تو ان پر کارروائی Manhattan (مینہٹن) میں ICE کے دفتر میں کی جائے گی۔ اس میں عام طور پر ایک دن لگے گا۔ پھر انہیں حراستی مرکز میں منتقل کر دیا جائے گا۔ عام طور پر حراستی مرکز نیو یارک سٹی یا New Jersey (نیو جرسی) میں ہو گا۔ کبھی کبھی لوگوں کو دیگر ریاستوں میں امیگریشن حراستی مرکز میں رکھا جا سکتا ہے۔ حراستی مراکز جیل میں یا وفاقی عمارت میں ہو سکتے ہیں۔

گرفتاری

ICE آفس میں پروسیسنگ

ICE حراستی مرکز میں منتقلی



یہ کتابچہ صرف عمومی معلومات فراہم کرنے کے لئے ہے، قانونی مشورہ نہیں ہے۔

کیا اپنے دوست یا خاندان
کے فرد سے ملنا محفوظ ہے؟
میں انہیں کیسے دیکھ سکتا/
سکتی ہوں اور انہیں پیسے کیسے
بھیج سکتا/سکتی ہوں؟



اگر آپکو اس بات کی پریشانی ہے کے اگر آپ اپنے دوست یا خاندان کے فرد کو ملنے گئے اور اُسے آپکے اپنے کیس یا امیگریشن سٹیٹس پر کوئی فرق پر سکتا ہے تو آپ کسی وکیل سے مشورہ کریں۔

## ملاقات سے پہلے:

شناخت کے لیے ہر حراستی مرکز کے تقاضوں کا جائزہ لیں اور دیکھیں کہ کیا پس منظر کی جانچ کی ضرورت ہے۔

**ان کی معلومات تلاش کرنے کے لیے دیکھیں:**
www.ice.gov/detention-facilities۔ معلومات کی تصدیق کے لیے آپ کو حراستی مرکز کو کال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

**آپ کا نام آپ کے دوست یا خاندان کی ملاقات کی فہرست میں شامل ہونا ضروری ہے** اور آپ صرف مرکز کی طرف سے مقرر کردہ مخصوص دنوں اور اوقات پر ہی مل سکتے ہیں۔

میرا دوست یا خاندان کا فرد وکیل کیسے حاصل کر سکتا/ سکتی ہے؟





امریکی حکومت جلاوطنی کا سامنا کرنے والے تارکین وطن کو وکیل فراہم نہیں کرتی ہے۔



آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو نیو یارک امیگرنٹ فیملی یونٹ پروجیکٹ (New York Immigrant Family Unity Project, NYIFUP) کے ذریعے وکیل دیا جا سکتا ہے۔



NYIFUP ایک سٹی پروگرام ہے جو ICE/ امیگریشن کی حراست میں نیو یارکرز جن کا مقدمہ امیگریشن کورٹ میں ہو، کو مفت، اعلیٰ معیار کے وکلا فراہم کرتا ہے۔

اس پروگرام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اگلا صفحہ دیکھیں۔

NYIFUP اہل افراد کو مفت وکیل تفویض کرے گا۔ اہلیت کے لیے اس شخص کا حراست میں ہونا اور درج ذیل شرائط پوری کرنا ضروری ہے:

جلاوطنی کا مقدمہ ویرک اسٹریٹ امیگریشن کورٹ (Varick St. Immigration Court) میں ہے۔ اگر مقدمہ New Jersey (نیو جرسی) کورٹ میں ہے تو اس شخص کا نیو یارک سٹی کا رہائشی ہونا ضروری ہے؛

حراست میں لیے گئے شخص کے پاس وکیل نہیں ہے؛

اس مقدمے کے لیے امیگریشن کورٹ میں یہ پہلی سنوائی ہو؛ اور

گھرانے کی آمدنی وفاقی غربت کی رہنما خطوط کے 200% سے کم ہے۔

وکیل کی تفویض پہلی ماسٹر کیلنڈر سماعت کے فوراً بعد ہو سکتی ہے۔

# ہو سکتا ہے کچھ لوگوں کو اس پروگرام کے ذریعے وکیل نہ ملے۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ پروگرام ان لوگوں کو وکیل دیتا ہے جن کے امیگریشن کے مقدمات امیگریشن جج کے سامنے امیگریشن کورٹ میں زیر التواء ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ ان لوگوں کو نمائندگی فراہم نہ کریں جن کے پاس پہلے سے ہی بید خلی کا حکم موجود ہو یا جن کا کوئی زیر التواء مقدمہ نہ ہو۔

## 1-800-354-0365

## پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک


**آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے۔**

اگر آپ کا دوست یا خاندان کا فرد NYIFUP کے لیے اہل نہیں ہے تو آپ معلومات اور قانونی مدد کے لیے **MOIA امیگریشن لیگل سپورٹ** ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔

# اگر آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کا وفاقی امیگریشن حکام سے پہلے رابطہ ہو چکا ہو اور انہیں جلاوطنی کا حکم دیا جا چکا ہو، یا انہیں نیو یارک یا **New Jersey** (نیو جرسی) سے باہر منتقل کیا جا رہا ہو، تو فوراً کسی وکیل سے رابطہ کریں۔

اگر ان میں سے کوئی بھی واقعہ پیش کیا ہے تو ممکن ہے کہ آپ کا دوست یا خاندان کا فرد فوری جلاوطنی کا سامنا کر رہا ہو اور اسے فوری امیگریشن قانونی مدد کی ضرورت ہو۔ یہ ضروری ہے کے ان کے کہ کسی بھی سابقہ امیگریشن کارروائی سے متعلق تمام دستاویزات حاصل کیے جائیں۔

ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ پہلی عدالتی تاریخ کب ہوگی؟



# 1-800-898-7180

## آپ امیگریشن کورٹ انفاریشن لائن پر کال کر کے معلوم کر سکتے ہیں کہ عدالتی تاریخ کب اور کہاں ہو گی۔

یہ ایک خودکار معلوماتی نظام ہے۔ کوئی بھی شخص کال کا جواب نہیں دے گا۔ یہ نظام صرف انگریزی اور ہسپانوی میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

انگریزی کے لیے 1 دبائیں
ہسپانوی کے لیے 2 دبائیں

" A نمبر" درج کریں یا بولیں۔ خودکار نظام A# دہرائے گا؛ تصدیق کے لیے 1 دبائیں

خودکار نظام آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کے نام کے ہجے بتائے گا

تصدیق کے لیے 1 دبائیں

اگلی عدالتی سماعت کی تاریخ کے لیے 1 دبائیں

## نوٹ: اگر وہ نظام میں ظاہر ہوتے ہیں لیکن ان کی عدالتی تاریخ نہیں ہے

## تو پرانے فیصلوں کو چیک کرنے کے لیے 3 دبائیں۔

اگر یہ کہتا ہے کہ عدالت نے "بیدخلی کا حکم دیا ہے" (Ordered Removal) تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو نئی سماعت نہیں ملے گی۔

آپ اس ویب سائٹ کا استعمال کرتے ہوئے اور A نمبر ٹائپ کر کے عدالت کی معلومات آن لائن بھی دیکھ سکتے ہیں۔ یہ انگریزی اور ہسپانوی میں دستیاب ہیں۔

https://acis.eoir.justice.gov/en/

# وہ کب تک حراست میں رہیں گے؟



یہ جواب دینے کے لیے ایک مشکل سوال ہے اور اس کا انحصار مخصوص مقدمے پر ہے۔ آپ کا دوست یا خاندان کا فرد اُس وقت تک حراست میں رہے گا جب تک کہ ان کا مقدمہ ختم نہ ہو جائے یا جب تک جج انہیں ضمانت (بانڈ) نہ دے دے۔



ہر کسی کو بانڈ کا موقع نہیں دیا جائے گا۔ بانڈ کی سماعت پر امیگریشن جج فیصلہ کرتا ہے کہ کیا اِس شخص کو امیگریشن حراست سے رہا کیا جا سکتا ہے اگر وہ (یا کوئی قابل اعتماد شخص جسے وہ جانتے ہوں) بانڈ ادا کر سکتا ہے۔



امیگریشن بانڈ (immigration bond) امریکی حکومت کو ایک ادائیگی ہے جس کے بدلے میں حراست میں لیے گئے شخص کو رہا کیا جاتا ہے اور وہ اپنی رہائی کی شرائط کو پورا کرنے کا وعدہ کرتا ہے، جس میں ان کے زیر التواء امیگریشن مقدمے کے لیے جج کی طرف سے شرائط شامل ہو سکتی ہیں۔

ان کی حراست کو چیلنج کرنے کے اور بھی طریقے ہو سکتے ہیں، چاہے حکومت کا خیال ہو کہ آپ کا دوست یا خاندان کا فرد بانڈ کی سماعت کے لیے اہل نہیں ہے۔ اس کے لیے تجربہ کار وکیل کے ساتھ ان کے مقدمے کا بغور جائزہ لینے کی ضرورت ہوگی۔

# بانڈ کے لیے معاونت

اگر بانڈ منظور ہو گیا ہے اور آپ اس کی استطاعت نہیں رکھتے تو آپ ان غیر منافع بخش (نون پروفٹ آرگنائزیشنز) تنظیموں کے ذریعے بانڈ (جزوی یا مکمل طور پر) جمع کرانے کے اہل ہو سکتے ہیں جو تارکین وطن اور ان کے دوست یا خاندان کے فرد کو بانڈ ادا کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ کچھ وسائل میں شامل ہیں:

## The Envision Freedom Fund

یہ دیکھنے کے لیے ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں کہ کیا وہ بانڈ کے ریفرلز قبول کر رہے ہیں:
https://envisionfreedom.org/get-support/#reach-out

## The Black Immigrants Bail Fund

انہیں ای میل کریں: blackimmigrantbailfund@gmail.com

ان کی ویب سائٹ پر ان کا درخواست فارم پُر کریں:
https://www.blackimmigrantsbailfund.com/

## The LGBTQ Freedom Fund

انہیں ای میل کریں: info@lgbtqfund.org،

ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
https://www.lgbtqfund.org/

786-233-8969 پر کال کریں

مجھے اب مزید کیا کرنا چاہیے؟




اگر آپ یا کوئی اور امیگریشن سے متعلق گرفتاری کا براہ راست گواہ تھا تو انہیں وہ سب کچھ لکھ لینا چاہیے جو آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو گرفتار اور حراست میں لیتے وقت ہوا تھا۔

اتنی تفصیل سے لکھیں جتنا وہ یاد رکھ سکیں اور کوئی بھی جسمانی یا تصویری ثبوت اکٹھا کریں۔

## نوٹس:

**www.nyc.gov/knowyourrights**

تازہ ترین معلومات کے لیے،



- اپنے فون کا کیمرہ نیچے دیے گئے QR کوڈ کی طرف کریں اور چند سیکنڈ کے لیے ساکت رکھیں۔
- معلومات تک رسائی کے لیے ظاہر ہونے والے نوٹیفکیشن پر ٹیپ کریں۔